## ملک بھر کے عوام کو ہوش ربا مہنگائی سے نجات دلائی جائے،الطاف حسین

### روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے

### روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث کھانے پینے کی اشیاء غریب عوام کی قوت خرید سے دور ہوگئی ہیں

لندن۔۔۔22،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر کے عوام کو ہوش ربا مہنگائی سے نجات دلائی جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث کھانے پینے کی اشیاء غریب عوام کی قوت خرید سے دور ہوگئی ہیں۔ ہرگزرتے دن کے ساتھ آٹے ،شکر،خوردنی تیل،گوشت اور دیگر غذائی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ سے ملک بھر کے غریب عوام شدید مالی مشکلات کا سامنا کرنے اور فاقہ کشی پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بے روزگاری اور مہنگائی میں اضافہ کی وجہ سے غریب عوام خودکشی کررہے ہیں اور اپنے بچوں کو فروخت کررہے ہیں اور اب مہنگائی میں مزید اضافہ سے غریب عوام کا جینا مزید مشکل ہوتا جارہا ہے جس کا نوٹس لینا عوامی حکومت کا بنیادی فرض ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک بھر کے غریب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## بم دھماکے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے،الطاف حسین

### بے گناہ شہریوں کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں،مینگورہ میں بم دھماکہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔22،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات کے شہر مینگورہ میں بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکہ میں سیکوریٹی اہلکاروں سمیت متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مینگورہ میں بم دھماکہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بم دھماکے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے اور جو عناصر بم دھماکے کرکے بے گناہ شہریوں کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مینگورہ میں بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے،دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں سیکوریٹی اہلکاروں سمیت جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## قبائلی علاقوں اور کرزئی ایجنسی اور خیبر ایجنسی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں سکھ برادری کے دو افراد کے بہیمانہ قتل پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

### دہشت گردی کے ان واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے اور ان مذموم واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔22،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قبائلی علاقوں اور کرزئی ایجنسی اور خیبر ایجنسی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں سکھ برادری کے دو افراد کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں مختلف مسالک اور طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں کے بہیمانہ قتل کے واقعات پہلے ہی ہوتے رہے ہیں اور اب وہاں اقلیتی برادری کے افراد کو بھی دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے اور کرزئی ایجنسی اور خیبر ایجنسی میں سکھ برادری کے افراد کے اغوا اور قتل کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے ان واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے،ان مذموم واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور اقلیتی برادری کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے مقتولین کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے

## سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اور حق پرست ٹاؤن ناظمین کی نائن زیرو آمد

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز انیس احمد قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی کا پرتپاک استقبال

کراچی ۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال مختلف حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز اور سٹی کونسل کے حق پرست ممبران نے پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو کا دورہ کیا۔اس سے قبل وہ نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز انیس احمد قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم کے سیکٹرز اور مختلف شعبہ جات کے سیکڑوں کارکنان اور ہزاروں حق پرست عوام نے ان کا پرجوش، پرتپاک اور والہانہ استقبال کیا۔انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھار کھے تھے اورانہوں نے حق پرست سٹی ناظم، ان کی ٹیم پر گلاب کی پتیاں نچھاور کیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ وہ نعرے لگارہے تھے کہ ہے نقیب انقلاب، الطاف، الطاف، نعرہ الطاف، جئے الطاف، ہم نہ ہوں ہمارے بعد......الطاف الطاف، حق کی کھلی کتاب ............الطاف الطاف، تیز ہو تیز ہو......جدو جہد تیز ہو، رہبر رہبر......الطاف ہمارا رہبر، کون کریگا رہنمائی ...........الطاف بھائی الطاف بھائی اور دیگر حق پرست بلدیاتی قیادت کے استقبال کیلئے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کئی گھنٹوں تک سخت گرمی کے باوجود قطاروں میں کھڑے رہے جن میں خواتین کی بڑی تعداد بھی شامل تھیں۔سٹی ناظم جیسے ہی نائن زیرو پہنچے فضاء قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں لگائے گئے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی اور ان پر منوں کے حساب سے گلاب کی پتیاں نچھاور کی گئیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی کی رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان، شعیب بخاری، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، نیک محمد، شکیل عمر، شاہد لطیف، سلیم تاجک، اشفاق منگی، توصیف خانزادہ، شاکر علی، سیف یار خان، آنسہ ممتاز انوار کے علاوہ ٹاؤن ناظمین نیو کراچی، اختر حسین، ناظم نارتھ ناظم آباد ٹاؤن ممتاز حمید، ٹاؤن ناظم گلبر کمال ملک، ٹاؤن ناظم لیاقت آباد اسامہ اقادری ، ٹاؤن ناظم صدر محمد دلاور، ٹاؤن ناظم گلشن اقبال واسع جلیل، ناظم بلدیہ ٹاؤن کامران اختر، ٹاؤن ناظم شاہ فیصل ارتضیٰ فاروقی، ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان، ٹاؤن ناظم اورنگی عبدالحق، ٹاؤن ناظم ملیر، ندیم راضی، ٹاؤن ناظم لانڈھی، محمد حمید، ٹاؤن ناظم سائٹ، اظہار احمد خان اور ٹاؤن ناظم جمشید جاوید احمد بھی موجود تھے۔

## ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور حق پرست ٹاؤن ناظمین ودیگر نے شہداء قبرستان عزیز آباد میں شہداء کے قبر پر پھولوں چادر چڑھائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

سٹی ناظم کراچی اور حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز اور سٹی کونسل کے حق پرست ممبران پیر کے روز شہداء قبرستان عزیز آباد قبرستان گئے جہاں انہوں نے شہداء کے قبور پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور ان کے مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت مانچسٹر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا

## مانچسٹر میں مقیم مختلف قومیتوں کے بزرگوں اور نوجوانوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے ممبر شپ فارم پر کئے

## پاکستان کے استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ناگزیر ہے، قاسم علی رضا

## رکنیت سازی مہم پاکستانی کمیونٹی کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی کوشش ہے، فیض احمد

لندن۔۔۔22، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت مانچسٹر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم مانچسٹر یونٹ کے تحت مقامی ہال میں ایک سادہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد، کمیٹی کے ارکان، سہیل خانزادہ، آصف جمیل، ریحان عباسی، لیبر پارٹی کے کونسلر نعیم الحسن اور ڈاکٹر عقیلہ انصاری پاکستان کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متعدد بزرگوں اور نوجوانوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور ممبر شپ فارم پر کئے۔قبل ازیں تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا کہ پاکستان

کے استحکام اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک ملک میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور ایماندار افراد کو منتخب ہوکر ایوانوں میں آنے کا موقع نہیں ملے گا اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی، پاکستان کو درپیش بحرانوں سے نجات نہیں دلائی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ ملک کے تمام غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل مشترک ہیں اور انہیں اپنے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی۔ جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار، پاکستان کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل اور ان کی پریشانیوں سے واقف ہی نہیں ہیں لہٰذا وہ غریب عوام کے مسائل کے حل میں کس طرح مخلص ہوسکتے ہیں اور غریب عوام کو اپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنی صفوں سے قیادت نکالنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کا پیغام آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور انشاء اللہ بہت جلد ملک بھر کے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائز فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی کا سلسلہ پاکستانی کمیونٹی کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی کوشش ہے۔ایم کیوایم چاہتی ہے کہ برطانیہ میں مقیم تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں شعوری بیداری پیدا کی جائے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کی جائے۔

## اسکاؤٹس کے عالمی دن کے موقع پر متحدہ اسکاؤٹس ایسوسی ایشن سے وابستہ اسکاؤٹس کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## اسکاؤٹس تحریک کے فروغ میں الطاف حسین کا بہت بڑا کردار ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، متحدہ اسکاؤٹس ایسوسی ایشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

اسکاؤٹس کے عالمی دن کے موقع پر پیر کو متحدہ اسکاؤٹس ایسوسی ایشن سے وابستہ اسکاؤٹس نے متحدہ قومی موومنٹ کے صدر دفتر خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ کیا اور ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی اس سے قبل اسکاؤٹس خورشید بیگم میموریل ہال پہنچے تو رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری، کیف الوریٰ، سیف یار خان نے ان کا استقبال کیا اور ان کے ہمراہ کچھ فاصلے تک مارچ پاسٹ بھی کیا۔اسکاؤٹس کی قیادت متحدہ اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے صوبائی کوآرڈی نیٹر اختر میر، سید ظفر حسین، طاہر شیخ اور فرقان یوسفی نے مشترکہ طور پر کی۔شعیب احمد بخاری اسکاؤٹس سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں اسکاؤٹس کے عالمی دن پر مبارکباد دی اور کہا کہ اسکاؤٹس تحریک معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کا مئوثر سبب بنتی ہے اور خدمت انسانیت اور شہریوں کی ہر مشکل میں مدد کرنے، مثبت تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اسکاؤٹس کے صوبائی کوآرڈی نیٹرز نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسکاؤٹس کے عالمی دن کے موقع پر کسی بھی سیاسی جماعت کے سربراہ نے اسکاؤٹس کو یاد نہیں رکھا جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نہ صرف اسکاؤٹس کو یاد رکھا بلکہ ان کے لئے ایک بیان بھی جاری کیا جس سے اسکاؤٹس میں نہ صرف خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے بلکہ وہ اس بیان کا خیرمقدم کرتے ہوئے ان سے اظہار تشکر کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسکاؤٹس تحریک کے فروغ میں الطاف حسین کا بہت بڑا کردار ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، متحدہ قومی موومنٹ اور اسکاؤٹس کا منشور ایک ہی ہے لہٰذا اس حوالے سے اسکاؤٹس بھی ایم کیوایم ہی کے کارکنان ہیں۔اس سے قبل شعیب احمد بخاری، کیف الواری اور سیف یار خان نے متحدہ اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے ہمراہ اسکاؤٹس کے عالمی دن کی مناسبت سے کیک بھی کاٹا۔

## پنجاب کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے والے اس حقیقت سے واقف ہوگئے کہ حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو پھیلنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ

## ایم کیوایم سینٹرل زون گوجرانوالہ کے دورے کے موقع پر زونل کمیٹی کے ارکان سے ملاقات میں گفتگو

گوجرانوالہ۔۔۔22، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ صوبہ پنجاب میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کی چکی میں پسنے والے مظلوم عوام متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم سینٹرل زون گوجرانوالہ کے دورے کے موقع پر زونل کمیٹی کے ارکان سے ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ اپنانے والے ہی ملک سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے اور پنجاب کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے

والے سمجھ لیں کہ حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو پھیلنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی ۔ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے اپنے دورے کے موقع پر گوجوانوالہ زون ، گوجرنوالہ ڈسٹرکٹ کمیٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور تحریکی ساتھیوں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست جنرل کونسلر سردار احمد صدیقی اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ کورنگی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اقبال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22،فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست جنرل کونسلر سردار احمد صدیقی اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ( آمین )

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے شہید کارکن کی والدہ اور لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے فنانس سیکریٹری کے

والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22،فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے شہید کارکن شاہد کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم اور ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے فنانس سیکریٹری محمد افضل کے والد محمد ادریس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست جنرل کونسلر سردار احمد صدیقی اور ایلڈرزونگ کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے ،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،فروری 2010ء

ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست جنرل کونسلر سردار احمد صدیقی اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن محمد اقبال ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے ۔سردار احمد صدیقی مرحوم کی عمر 59 سال تھی اور ان کے سوگواران میں 3 بیٹے ،2 بیٹیاں اور بیوہ شامل ہیں جبکہ محمد اقبال مرحوم کی عمر 60 سال تھی اور انہوں نے اپنے سوگواران میں 4 بیٹے اور 2 بیٹیاں چھوڑی ہیں ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سردار احمد صدیقی اور محمد اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## الطاف حسین کی منہ بولی والدہ آلِ فاطمہ کے دسویں کے قرآن وخوانی ومجلس عزا کا انعقاد

کراچی۔۔22رفروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ اور حق پرست رکن قومی اسمبلی وایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا کی والدہ محترمہ آلِ فاطمہ کے دسویں کے سلسلے میں عزاخانہ علی فاطمہ گلشن اقبال میں پیر کے روز مرحومہ کی ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی اور مجلس عزا منعقد ہوئی ۔قرآن خوانی وفاتحہ خواتین میں ارکان رابطہ

کمیٹی سمیت خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت ۔ بعدازاں قرآن خوانی سوزخوانی ومجلس عزامحترمہ آلِ فاطمہ کے درجات کی بلندی اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا کرنے کی دعا کی گئی اور ساتھ ہی ان کے منہ بولے بیٹے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمروصحت کاملہ اورحق پرستی کی تحریک کوراہ حق سے منزل حق پر جلدازجلد پہنچنے کی دعا کی گئی۔

## الطاف حسین کے کارکنان پاکستان کی قسمت بدل سکتے ہیں،انیس قائم خانی

## تاریخ میں الطاف حسین کا نام سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا،مصطفیٰ کمال

## نائن زیرو پرحق پرست بلدیاتی نمائندوں کے اعزاز میں استقبالیہ سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز انیس احمد قائمخانی نے کہا ہے کہ الطاف حسین کے کارکنوں نے سندھ کے شہری علاقوں میں دی گئیں ذمہ داریاں جس محنت سے ادا کی ہیں اگرانہیں پاکستان کی ذمہ داری دی جائے تو وہ پورے پاکستان کو بدل دینگے۔انہوں نے پاکستان بھر کے عوام کو دعوت دی کہ وہ کراچی آکر دیکھیں کہ الطاف حسین کے کارکنوں نے کراچی ودیگر شہروں کو محنت سے بدل دیا ہے کہ لوگ اس پر رشک کرتے ہیں وہ بھی اپنے علاقوں میں متحدہ کے کارکنوں کو خدمت کا موقع دیں تو ان کی تقدیر بھی بدل جائے گی۔ یہ بات انہوں نے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین نائن زیرو کے دورے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کرائے کے مکان سے آیا تھا اگرایم کیوایم اسے گھر نہ دیتی تو وہ کرائے کے مکان میں جاتا،گاڑی نہ دیتی تو موٹرسائیکل چلاتا انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیوایم ہی ہے جو اپنے نمائندوں کا کڑا احتساب کرتی ہے اوراگرملک کی بھاک دوڑ ایسے نمائندوں کے ہاتھ ہوئی تو پاکستان کا معاشرہ کرپشن سے پاک ہوجائیگا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہم اپنی کامیابیوں پر اللہ تعالیٰ کے بعد قائدتحریک الطاف حسین کا شکر بجالاتے ہیں اوران سے اظہارتشکر کرتے ہیں کہ انہوں نے ہم پر اعتماد کیا۔اسی اعتماد کے باعث ہم الطاف حسین کے ویژن اور فکر کے مطابق عوام اور شہر کی خدمت کرسکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 62 سالہ تاریخ میں اسی مثال نہیں ملتی جو کام الطاف حسین کے کارکنوں نے کرکے دیکھایا ہے مورخ تاریخ لکھے گا تو الطاف حسین کا نام سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا۔ پاکستان کے 58 سال میں کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں میں کیے گئے کاموں سے ایم کیوایم کے کارکنوں کے چارسالوں کے کام زیادہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ چارسال قبل ہم نے قائدتحریک الطاف حسین کے اسی درسے اور شہداء کی قبور پر دعا سے کراچی کی گلیوں میں جاکر اپنے کاموں کا آغاز کیا تھا اور آج اسی دراور شہداء کی قبور پر فاتحہ کرکے اپنے کاموں کا میابی سے اختتام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے صرف ہم پر اعتماد کرکے ذمہ داریاں ہی نہیں سونپی تھیں بلکہ دن رات اپنے ویژن اور ہدایات سے ہماری رہنمائی کرتے رہے جس کے نتیجے میں آج ہم اس قابل ہوئے کہ فخر سے اپنے کاموں کا ذکر کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری کوئی حیثیت نہیں تھی نہ ہم ڈاکٹر ہیں اور نہ انجینئر اور نہ ہمیں دنیا کا کوئی تجربہ تھا کہ ہم اسے کارنامے انجام دیتے۔انہوں نے کہا کہ ہم دل کی گہرائیوں سے الطاف حسین کا شکر ادا کرتے ہیں کہ ہم پر اعتماد کرکے نہ صرف ذمہ داریوں کے قابل سمجھا بلکہ ایک لمحے کیلئے بھی تنہا نہیں چھوڑا،ہم نے رات دن جس وقت رابطہ کیا انہوں نے رہنمائی کی،ان کے حوصلہ افزائی کے بغیر ہم جیسے لوگ یہ کام کرنے کا سوچ نہیں سکتے تھے کہ لیاری،بابا بھٹ،شمس پیر جیسے جزیروں میں پینے کا پانی پہچاتے مبارک ولیج،اورنگی ٹاؤن میں سڑکیں بناتے،ہم لیاقت آباد،عزیزآباد،کورنگی سے آگے کا سوچ نہیں سکتے تھے۔الطاف حسین بھائی نے کہا تھا کہ صرف 14 ٹاؤنز نہیں پورے کراچی کے ناظم ہواس لئے پورے کراچی کے عوام کی خدمت کروں آج لوگوں کو جو سہولت مل رہی ہے اوران کے دلوں سے جو دعائیں نکلتی ہیں وہ سیدھی الطاف حسین کو جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا کہ ہم نے پوراشہر کھوت دیا تھا جس سے لوگوں کو بہت تکلیف اٹھانی پڑی ہم نے الطاف حسین کے نام پر شہر کا کھودا تھا اس لئے شہریوں نے تعاون کیا اگر شہر وہ تکلیف نہ اٹھاتے تو آج ہم یہ نہیں کہہ سکتے تھے کہ 58 سالوں سے ہمارے چارسالوں کے کام زیادہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ بارش کا ایک قطرہ ہے ترقی کا کام روکنا نہیں چاہیے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کے پاس کارکنوں کی تعداد سب جماعتوں سے زیادہ ہیں جو انسانی خدمت کی ایسی مثال قائم کرینگے کہ دنیا دیکھیں گی،سٹی ناظم نے کہا کہ ہماری پوری ٹیم اپنے شہداء کے اہلخانہ سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں اگر شہداء اپنے اوپر ظلم برداشت نہ کرتے تو تحریک یہاں تک نہ پہنچتی۔الطاف حسین کی قیادت اور شہداء کی وجہ سے تحریک زندہ ہے اس کا سہرا قائدتحریک کے ان کارکنوں کو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی کا شکریہ کے ذمہ داری دی اور رہنمائی کی جس کی وجہ سے نہ ہم کرپٹ ہوئے اور نہ کسی سے ڈرے اور ایسے ایسے کام انجام دیئے۔انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی آپ کی توقع تھی اور آپ نے جو ذمہ داری دی اگر اس میں دانستہ یا نادانستہ کوتائی ہوئی ہو ہم اس کی معافی چاہتے ہیں ہم الطاف حسین سے معافی مانگتے ہیں عوام سے نہیں،کیونکہ عوام نے الطاف حسین کو ووٹ دیا تھا۔ہمیں تو گھر کے لوگ بھی کونسلر کیلئے کھڑے ہوں تو ووٹ نہ دیں۔ جیسے عام آدمی کا کمنٹمنٹ الطاف بھائی سے ہے اسی طرح ہمارا بھی کمٹمنٹ الطاف بھائی سے ہے۔

☆☆☆☆☆